**Maulana Azad National Urdu University**

**M.A. Translation Studies, IV Semester Examination - May 2018**

**Paper : MATS402DST : Translation for Media**

**پرچہ : ترجمہ برائے صحافت**

Time : 3 hrs — Marks : 70

408

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) اخبارات کے لیے ترجمہ کرتے وقت عموماً ترجمے کی کس قسم کو اختیار کیا جاتا ہے؟

(a) لفظی ترجمہ (b) بامحاورہ ترجمہ

(c) آزاد ترجمہ (d) اِن میں سے کوئی نہیں

(ii) کہا جاتا ہے کہ صحافتی ترجمہ نگاری ادارتی صلاحیتوں کے بغیر ممکن نہیں ہے۔آپ کس حد تک متفق ہیں؟

(a) پوری طرح (b) کسی حد تک

(c) متفق نہیں ہوں (d) یہ غلط ہے

(iii) اُردو اخبارات میں ترجمے کے فرائض انجام دینے والے شخص کا عہدہ کیا ہوتا ہے؟

(a) پروف ریڈر (b) ٹرانسلیٹر

(c) ایڈیٹر (d) سب ایڈیٹر

(iv) اشتہارات کا ترجمہ.............................ہونا چاہیے

(a) ادبی زبان کا حامل (b) لسانیاتی اعتبار سے بہترین

(c) پُرکشش اور ترغیبی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(v) صحافتی مترجم کے اندر درج ذیل خصوصیت کا ہونا لازمی نہیں ہے۔

(a) عام معلومات (b) معروف اصطلاحات سے واقفیت

(c) حالات حاضرہ سے واقفیت (d) سیاسی تجزیہ نگاری

P.T.O

(vi) Sub Titling سے مراد؟

(a) اخبار کی سرخیاں (b) فلم کا اسکرین پر ظاہر ہونے والا ترجمہ

(c) رسالے کی فہرست مضامین (d) ٹیلی ویژن کے پروگراموں کی فہرست

(vii) رہبر اخبار نویسی کے مصنف کا نام کیا ہے۔

(a) سید اقبال قادری (b) مولانا ابوالکلام آزاد

(c) پروفیسر قمر رئیس (d) ان میں سے کوئی نہیں

درج ذیل میں صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجیے

(viii) خبروں کا ترجمہ کرتے ہوئے حسب ضرورت تلخیص کی جاتی ہے۔ صحیح/غلط

(ix) اخبارات کے مضامین اور اداریوں کے ترجمے میں اصل متن میں حذف و اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ صحیح/غلط

(x) صحافتی ترجمے میں لفظی ترجمے کی تکنیک استعمال کی جاتی ہے۔ صحیح/غلط

## حصہ دوم

-2 اداریے اور مضامین کے تراجم کے تقاضوں اور مسائل پر نوٹ لکھیے۔

-3 خبروں کے تراجم اور اُس کے مسائل پر اظہار خیال کیجیے۔

-4 صحافتی تراجم کے اصول اور عملی طریقے پر اظہار خیال کیجیے۔

-5 اشتہارات کے ترجمے میں کن نزاکتوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔ مثالوں سے واضح کیجیے۔

-6 کثیر اللسان ملک میں صحافتی تراجم کی اہمیت، افادیت اور ضرورت پر روشنی ڈالیے۔

-7 عصر حاضر میں فلموں کے ترجمے کے تعلق سے اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

-8 ''ترجمے کے بغیر اُردو صحافت کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا۔'' کیا آپ اِس قول سے متفق ہیں؟ بحث کیجیے۔

-9 سب ٹائٹلنگ اور متن کی تلخیص کس طرح کی جاتی ہے؟ واضح کیجیے۔

## حصہ سوم

-10 صحافت کی تعریف کرتے ہوئے اُردو میں صحافتی تراجم کی روایت پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

-11 ترجمہ برائے صحافت سے کیا مراد ہے؟ اس کے ذیل میں کون کون سے تراجم آتے ہیں؟ بحث کیجیے۔

-12 ترجمے کی تین اقسام کے بارے میں مفصل بیان کرتے ہوئے بتائیے کہ صحافتی ترجمہ کس زمرے میں شامل کیا جاتا ہے اور کیوں؟

-13 ''صحافتی تراجم میں ترمیم اور حذف و اضافہ ضروری ہے۔'' صحافتی ترجمے کے تقاضوں کی روشنی میں اس قول پر بحث کیجیے۔

-14 اُردو میں عوامی ذرائع ابلاغ اور ترجمہ کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ بحث کیجیے۔

☆☆☆